گزارتے ہیں۔جیسا کہ اللہ کے نبی ﷺ نے ہجرت کے موقع پر کتنے یقین کے ساتھ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا﴿لا تحزن ان الله معنا﴾''پریشان نہ ہو اور ڈرنا نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ یقیناً ہمارے ساتھ ہے''۔

مؤمن اپنے عزم واستقلال اور جرأت کی بدولت مشکل تر وقت میں بھی زمام صبر ہاتھ سے نہیں چھوڑتا، پر خطر راستوں میں بزدلی اور ضعف ہمت اس کے دل میں راہ نہیں پاتا اور شدید ترین حالات میں بھی اس کے دل پر مایوسی کے بادل نہیں چھا سکتے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے﴿فاذا عزمت فتوكل على الله ان الله يحب المتوكلين ۝﴾ (آل عمران:١٥٩) ''پھر جب آپ کا ارادہ پختہ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں، بے شک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے''۔یعنی ارادہ پختہ کرنے کے بعد تندہی سے کام شروع کرنا چاہیے، چاہے نتیجہ حسب خواہش اچھا نکلے یا اس کے برعکس، بہر حال اللہ تعالیٰ کی مصلحت ومشیت کے مطابق ہی ہوتا ہے۔جب اچھا نتیجہ نکلے تو اس پر غرور نہیں کرنا چاہیے کہ تدبیر اور جدوجہد ثمر آور ہوئی، اور جب خلاف خواہش نتیجہ سامنے آئے تو مایوس اور بودا نہ ہونا چاہیے کیونکہ توکل بے دست و پائی اور ترک عمل کا نام نہیں بلکہ پورے عزم وارادے اور مستعدی سے کام انجام دینے کے ساتھ ساتھ نتیجے کو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے چھوڑ دینا ہے۔اور مؤمن یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مددگار ہے، کوئی دوسرا اہم کونا کام نہیں کر سکتا اور اگر اللہ تعالیٰ کی مشیت میں نہ ہو تو کسی کی کوشش ومدد کارآمد نہیں ہو سکتی۔

اس مضمون کی تیاری میں درج ذیل کتابوں سے استفادہ کیا گیا:

۱۔ اسلامی خطبات ۲۔ تربیۃ الاولاد ۳۔ منهج المسلم ۴۔ تفسیر صلاح الدین یوسف

قرآنی معلومات

☆ سورہ الرحمٰن کی تیرہویں آیت 31 مرتبہ دہرائی گئی ہے۔

☆ سورہ ص، نوح اور انفطار کی ترتیب تلاوت اور ترتیب نزول ایک ہے۔

☆ سورۃ الفیل کی ہر آیت ''ل'' پر ختم ہوتی ہے۔

☆ سورۃ الشمس کی ہر آیت الف پرا، اخلاص کی د پر اور الناس کی س پر ختم ہوتی ہے

اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

5-1-2006 جامعہ دارالعلوم میں سرمائی تعطیلات کے دوران عصری علوم کے طلباء کے لیے ٹیوشن کا اہتمام ہوا۔

10-1-2006 مختلف اداروں اور اصحاب خیر کی طرف سے وصول شدہ قربانیاں تقسیم کی گئیں۔

21-1-2006 جامعہ قسم بنات میں دور ثانی کے امتحانات شروع ہوئے۔

3-2-2006 بلتستان کے مشہور خطاط استاذ الاساتذہ مولانا عبدالخالق قمر -رحمه الله- طویل علالت کے بعد 91 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ ﴿ انا لله وانا اليه راجعون ﴾

4-2-2006 برانچہائے جامعہ میں ششماہی امتحانات شروع ہوئے۔ جن میں کل 3610 طلباء و طالبات شامل ہوئیں۔

25-2-2006 تعلیمی کمیٹی جامعہ کے رواں سال کا پہلا اجتماع منعقد ہوا جس کی صدارت مدیر الجامعہ الشیخ عبدالواحد نے کی۔ جس میں علوم عصریہ کے اہم مضامین شامل نصاب کرنے کے فیصلے پر عمل درآمد اور جامعہ میں ماہانہ ٹیسٹ کا فیصلہ کیا گیا۔

26-3-2006 جامعہ دارالعلوم میں طلباء و طالبات کا پہلی بار ماہانہ ٹیسٹ لیا گیا۔

أخبار الجامعة

ابو عمر يوسف سالك

5-1-2006 بدأ برنامج دراسة التقوية لطلاب العلوم العصرية بجامعة دارالعلوم بلتستان غواری فی فترة الاجازة السنوية۔

10-1-2006 تم شراء وتوزيع الأضاحی لعام١٤٢٦ فی أنحاء منطقة بلتستان علی نفقة المحسنين والهيئات الخيرية من المملكة العربية السعودية و دولة الكويت والإمارات العربية المتحدة -جزاهم الله خير الجزاء- تحت إشراف جامعة دارالعلوم بلتستان۔

3-2-2006 انتقل إلی رحمة الله فضيلة الشيخ/عبدالخالق قمبر الخطاط والأستاذ بجامعة دارالعلوم عن عمر يناهز 91 سنة۔غفرالله له وأسكنه فسيح جناته۔

4-2-2006 بدأت الاختبارات فی المدارس التابعة للجامعة فی منطقة بلتستان ۔وقد بلغ عدد